www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



عزیز زبیدی، واربرٹن

# تعارف و تبصرہ کتب

کلام شاہ اسمٰعیل شہیدؒ — مرتب محمد خالد سیف

صفحات — ۷۹

قیمت — چار روپے پچیس پیسے

ملنے کا پتہ — طارق اکیڈمی سٹریٹ ۳۲ جھنگ بازار۔ لائلپور

رزم و بزم کے بادشاہ حضرت شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ نے جہاں رزم گاہوں میں شمشیر و سناں کے جوہر دکھائے تھے، وہاں زبان و بیان کے ادبی شاہکار بھی پیش کیے ہیں۔ مندرجہ بالا کتاب شہید فی سبیل اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے اسی شاعرانہ کلام کا ایک خوب صورت مجموعہ ہے۔ جو بڑا جاذب اور نہایت معنی خیز ہے۔

شاہ شہید رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے جو کلام جمع کیا گیا ہے، اس کی زبان و بیان سے بعض جگہ شبہ پڑتا ہے کہ کہیں کوئی "ہذا الحاقی نہ ہو، بہرحال مجموعی لحاظ سے خوب ہے بلکہ خوب تر۔ اس کے یہ حصے ہیں۔

مثنوی سلک نور۔ رسالہ بے نمازاں۔ نسخۂ تقویت ایمان۔ یہ تینوں اردو حصہ میں ہیں۔ حصہ فارسی میں بھی "مثنوی سلک نور" قصیدہ در مدح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، قصیدہ در مدح حضرت سید احمد شہیدؒ ہے۔

شروع کتاب میں ڈاکٹر سید عبداللہ نے جو مقدمہ اور پیش لفظ تحریر فرمایا ہے خاصہ معلوماتی ہے۔ یہ مجموعۂ کلام ادب شہ پاروں میں ایک نیا اضافہ ہے۔ پڑھتے ہوئے عجیب کیف طاری ہوتا ہے۔ نعتیہ حصہ پڑھنے کے بعد بریلویوں کو آپ کے سلسلے میں جو غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں دور ہو سکتی ہیں۔

(۲)

المحفوظات العربیہ حصہ اول — محمد بشیر سیالکوٹی



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ